© rasailojaraid.com



## ’’دنیا نیوز‘‘ ٹی وی چینل کے ’’سی ای او‘‘ محترم جناب میاں عامر صاحب اور ’’ڈائریکٹر‘‘ محترم جناب نوید کاشف صاحب کے نام مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ کا خط

جنابِ عالی! السلام علیکم! مزاج گرامی؟

قادیانی باغی گروپ کے سربراہ چودھری احمد یوسف (چناب نگر سابق ربوہ) کو 4 اور 5 اکتوبر 2011ء کی درمیانی شب قادیانیوں نے قتل کر دیا۔ قادیانیوں نے اپنے اثر و رسوخ سے اِس قتل کے محرکات اور قاتلوں کو چھپایا۔ مقتول نے اپنی زندگی میں بعض یقینی خطرات کے پیش نظر قادیانی جماعت کے مرکزی ترجمان سلیم الدین، میجر سعدی وغیرہ کو نامزد کر دیا تھا اور اعلیٰ و مقامی پولیس حکام کو مطلع کر دیا تھا کہ اگر مجھے کوئی نقصان پہنچا تو قادیانی جماعت ہی ذمہ دار ہوگی۔ پولیس نے صدر محلّہ قادیانی جماعت ماسٹر عبدالقدوس کو گرفتار کیا اور دورانِ تفتیش اُس نے قتل کا اعتراف کیا اور اصل محرکات بھی بیان کیے۔ بعد ازاں عبدالقدوس جو دل کا مریض بھی تھا جسے قادیانی جماعت نے کسی سرکاری ہسپتال کی بجائے اپنے فضلِ عمر ہسپتال چناب نگر میں داخل کرایا، وہ مر گیا۔

اب حیرت ہے کہ قادیانی جماعت چودھری احمد یوسف کو ایک اسٹامپ فروش کا قتل اور ماسٹر عبدالقدوس کو مظلوم قادیانی مقتول ظاہر کر کے چودھری احمد یوسف کے قتل اور اس کے محرکات پر پردہ ڈالنا چاہتی ہے اور اس سے زیادہ حیرت اس بات پر ہے کہ ’’دنیا نیوز‘‘ پر 07 اپریل 2012ء پروگرام ’’پالیسی میٹر‘‘ میں نسیم زہرا نامی میزبان خاتون کی میزبانی میں قادیانی ایجنڈے کی روشنی میں جانب دارانہ گفتگو کرائی گئی اور سراسر یک طرفہ مؤقف پیش کیا گیا پروگرام سے چند گھنٹے قبل مرزا مسرور احمد (M.T.A) قادیانی چینل پر ماسٹر عبدالقدوس کیس کے حوالے سے جو کچھ کہہ چکا تھا اس مفہوم کو آگے بڑھایا گیا جبکہ چودھری احمد یوسف کی بیٹی نجمہ (کراچی) اس کے بیٹے احمد سیف ایڈووکیٹ (لاہور) چیخ چیخ کر قاتلوں کی نشاندہی کر رہے ہیں۔

جناب والا: بعد ازاں 11 اپریل 2012ء کو ’’دنیا نیوز‘‘ پر ہی ’’تلاش‘‘ پروگرام میں جس کے میزبان انیق ناجی اور مہمان ڈاکٹر مبشر حسین تھے ’’میں بھٹو مرحوم کے دور میں مرزائیوں کو غیر مسلم اقلیت قرار دیئے جانے والی قومی اسمبلی کی متفقہ قراردادِ اقلیت کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے اِسے سیاسی دباؤ کا نتیجہ قرار دیا گیا۔

جناب والا: ہم آپ کے علم میں لانا چاہتے ہیں کہ دونوں پروگرام جانبدارانہ، یک طرفہ طور پر نشر کیے گئے اور مُسلمہ اصول کے مطابق فریق ہائے ثانی کو نہیں بلایا اور سنا گیا جس سے ہمارا بنیادی استحقاق بحیثیت مسلمان بھی مجروح ہوا ہے۔ آپ سے عرض یہ ہے کہ نشر ہونے والے پروگرام خلافِ واقعہ ہیں اور اِس سے خود ’’دنیا نیوز‘‘ کی ساکھ بھی متأثر ہوئی ہے۔ امید ہے کہ آپ ازالہ و تلافی بھی فرمائیں گے اور جواب سے بھی نوازیں گے۔ شکریہ۔

والسلام

عبداللطیف خالد چیمہ
کنوینیر متحدہ تحریکِ ختم نبوت رابطہ کمیٹی پاکستان
سیکرٹری جنرل مجلس احرارِ اسلام پاکستان
موبائل نمبر: 0300-6939453



© rasailojaraid.com